سوال

مسلمان طالب علم کا غیر مسلم ملک میں علم حاصل کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ایک مسلمان طالب علم کسی غیر مسلم ملک میں غیر ملکی وظیفے پر علم حاصل کر سکتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس میں بنیادی چیز دیکھنے کی یہ ہے کہ اگر تو وہ طالب علم اس غیر مسلم ملک میں جا کر اپنے دین اور ایمان وعقیدے کی حفاظت کر سکتا تو کسی حد تک وہاں تعلیم حاصل کرنے کی گنجائش نظر آتی ہے۔ اور اگر وہاں جا کر اس کے فتنے میں پڑنے کا اندیشہ ہو، یا ایمان اور عقیدے میں بگاڑ پیدا ہونے یا اس کے ختم ہونے کا ڈر ہو (جیسا کہ اکثر ہوتا ہے) تو پھر ایسی حالت میں کسی غیر مسلم ملک میں جا کر تعلیم حاصل کرنا جائز نہیں ہوگا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ